شرمگاہ میں دخول کئے بغیر شوہر کو انزال ہوگیا، تو بیوی پر غسل فرض ہوگا یا نہیں؟

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1697

تاریخ اجراء: 11 شوال المکرم 1445ھ / 20 اپریل 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

شوہر نے بیوی کی شرمگاہ میں اپنی شرمگاہ داخل نہیں کی، باہر مس کرنے سے ہی شوہر کو بیوی کی ران پر انزال ہو گیا، تو اس صورت میں بیوی پر بھی غسل فرض ہو گا یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اس صورت میں جبکہ شوہر نے بیوی کی شرمگاہ میں دخول نہیں کیا اور باہر ہی شوہر کو انزال ہو گیا، تو بیوی پر غسل فرض نہیں ہو گا بشرطیکہ بیوی کو انزال نہ ہوا ہو، ورنہ انزال کے سبب بیوی پر بھی غسل لازم ہو گا۔ یونہی اگر اس وقت بیوی کو انزال، تو نہیں ہوا لیکن شوہر کی منی عورت کی شرمگاہ میں داخل ہونے کی وجہ سے بیوی کو حمل ٹھہر گیا، تو بیوی پر وقتِ مجامعت سے غسل کا حکم ہو گا اور وقت مجامعت سے جب تک غسل نہیں کیا، غسل کرنے کے بعد ان تمام نمازوں کا اعادہ لازم ہو گا۔

فتاوی عالمگیری میں ہے: اذا جومعت المراۃ فیما دون الفرج ووصل المنی الی رحمھا وھی بکرا وثیب لا غسل علیھا لفقد السبب وھو الانزال او مواراۃ الحشفۃ حتی لو حبلت کان علیھا الغسل لوجود الانزال کذا فی فتاوی قاضی خان واذا حبلت فانما علیھا الغسل من وقت المجامعۃ حتی یجب علیھا اعادۃ الصلاۃ من ذلک الوقت "یعنی عورت سے شرمگاہ کے علاوہ جماع کیا اور منی عورت کے رحم تک پہنچ گئی اور وہ عورت باکرہ یا ثیبہ ہے، تو اس پر غسل فرض نہیں ہو گا کیونکہ غسل فرض ہونے کا سبب یعنی انزال یا حشفہ کا چھپ جانا نہیں پایا گیا، یہاں تک کہ اگر عورت حاملہ ہو گئی، تو اس پر انزال پائے جانے کی وجہ سے غسل فرض ہو گا ایسا ہی فتاوی قاضی خان میں ہے اور جب عورت حاملہ ہو گئی، تو اس پر وقتِ مجامعت سے

غسل فرض ہو گا حتی کہ اسی وقت سے عورت پر نماز کا اعادہ واجب ہو گا۔(فتاوی عالمگیری، جلد1، صفحہ15، مطبوعہ کوئٹہ)

صدر الشریعہ بدر الطریقہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:"عورت کی ران میں جماع کیا اور انزال کے بعد منی فرج میں گئی یا کو آری سے جماع کیا اور انزال بھی ہو گیا مگر بکارت زائل نہ ہوئی تو عورت پر غسل واجب نہیں۔ ہاں اگر عورت کے حمل رہ جائے تو اب غسل واجب ہونے کا حکم دیا جائے گا اور وقتِ مجامعت سے جب تک غسل نہیں کیا ہے تمام نمازوں کا اعادہ کرے۔"(بہار شریعت، جلد1، صفحہ323، مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net